# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 02 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲/ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ گاندھی جینتی کی مناسبت سے آج ملک بھر میں متعدد پروگراموں کا اہتمام

☆ وزیراعظم کے ہاتھوں 9/ ہزار 600/ کروڑ روپئے کے اخراجات پر مشتمل مختلف صفائی منصوبوں کا آغاز

☆ سیلاب متاثرین کی معاونت کے لیے مرکزی حکومت نے مہاراشٹر کو دیا ایک ہزار 492/ کروڑ روپئے کا فنڈ

☆ لاڈلی بہن اسکیم کے سبب معیشت کو فروغ ملے گا ' وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے

اور

☆ کانپور ٹیسٹ کرکٹ سیریز بھارت نے جیتی

اب خبریں تفصیل سے...

آج ملک بھر میں بابائے قوم مہاتما گاندھی اور سابق آنجہانی وزیراعظم لعل بہادر شاستری کا یوم پیدائش منایا جارہا ہے۔اِس مناسبت سے ملک بھر میں متعدد پروگراموں کا اہتمام کیا گیا ہے۔اِسی سلسلے میں آج صبح نئی دِلّی میں مہاتما گاندھی کی سمادھی پر کُل مذاہب دعائیہ جلسے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو نے مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔لوک سبھا میں حزب مخالف کے رہنما راہل گاندھی نے بھی مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

***** ***** *****

گزشتہ 17/ستمبر سے ملک بھر میں جاری '' صفائی ہی خدمت ہے مہم '' آج ختم ہورہی ہے۔اِس خصوص میں وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دِلّی میں منعقدہ 'صاف بھارت پروگرام'' میں شرکت کریں گے۔اِس موقعے پر وہ صاف صفائی سے متعلق 9/ہزار 600/کروڑ روپئے کے اخرجات پر مشتمل متعدد منصوبوں کا آغاز کریں گے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے سیلاب سے متاثرہ 14/ریاستوں کے لیے 5/ہزار 858/کروڑ روپئے کا فنڈ منظور کیا ہے۔اِس میں سب سے زیادہ ایک ہزار 492/کروڑ روپئے مہاراشٹر کو دیے جائیں گے۔اِس سال موسم باراں میں موسلا دھار بارش ' سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے بہت نقصان ہوا ہے۔نقصان بھر پائی کی مد میں اِس سال اب تک 21/ریاستوں کو مجموعی طور پر 14/ہزار 958/کروڑ روپئے کا فنڈ دیا جا چکا ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ لاڈلی بہن یوجنا کے سبب ریاستی و قومی معیشت کو کافی فروغ ملے گا۔وہ کل سانگلی میں منعقدہ کسانوں کے جلسے میں اظہار خیال کر رہے تھے۔اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ ملک کی معیشت کو 5/ٹریلین ڈالر تک بڑھانے کا خواب پورا کرنے میں لاڈلی بہن یوجنا بہت سود مند ثابت ہوگی۔انھوں نے کہا کہ خواتین کو لکھ پتی بنائے بغیر حکومت چین سے نہیں بیٹھے گی۔

اِسی دوران خواتین و بہبود اطفال کی وزیر ادیتی تٹ کرے نے کہا کہ لاڈلی بہن یوجنا سے مستفیض ہورہی خواتین کے بینک کھاتوں سے مختلف فیسوں کے نام پر پیسے کاٹنے والی بینکوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن ایس ٹی کے 343/بس اسٹینڈوں پر '' آنند آروگیہ کیندر '' نام سے دواخانے کھولے جائیں گے۔اِن دواخانوں میں تمام شہریان کم فیس پر ڈاکٹروں سے تشخیص کرواسکتے ہیں۔ساتھ ہی کم فیس پر مختلف ٹیسٹ اور کم قیمت پر دوائیں بھی حاصل کر سکتے ہیں۔مذکورہ کارپوریشن کے صدر نشین بھرت گوگاولے کی زیر صدارت منعقدہ بورڈ آف ڈائریکٹر کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔

اِس کے علاوہ تمام بس اسٹینڈ وں پر خواتین بچت گروپوں کے لیے برائے نام کرائے پر دکانیں بھی دستیاب کروائی جائیں گی۔ ساتھ ہی ڈھائی ہزار بسیں خریدنے ' ڈیزل سے چلنے والی 100 / بسوں کو الیکٹرک بسوں میں تبدیل کرنے اور ممبئی-پونا راستے پر الیکٹرک شیونیری میں مسافروں کی آسانی کے لیے شیونیری سُندری مقرر کرنے کا فیصلہ بھی ایس ٹی کارپوریشن نے کیا ہے۔

***** ***** *****

آئندہ اسمبلی چُناؤ میں عظیم اتحاد کی حکومت ریاست میں اقتدار سنبھالے گی۔ مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ نے یہ بات کہی ہے۔ وہ کل ممبئ میں بی جے پی کارکنان سے مخاطب تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ ریاست میں بی جے پی کی جیت کے لیے جو حکمت عملی بنائی جائے گی اُس پر عمل کریں۔

***** ***** *****

ریاست میں نو اجازت یافتہ 8 / میڈیکل کالجوں میں اِس سال سے تعلیم و تربیت شروع کی جائے گی۔ مرکزی وزیر برائے صحت پرتاپ راؤ جادھو نے یہ بات بتائی۔ وہ کل بلڈھانہ میں صحافیوں سے مخاطب تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ملک بھر کے میڈیکل کالجوں میں پوسٹ گریجویٹ کورسیس کے لیے گزشتہ 10 / برسوں کے دوران تقریباً 60 / ہزار 800 / نشستوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ اِن میڈیکل کالجوں میں جالنہ اور بلڈھانہ کے میڈیکل کالجوں کا بھی شمار رہے۔

اپنے خطاب میں انھوں نے مزید بتایا کہ کھام گاؤں-جالنہ ریلوے راستے کا مسودہ منظوری کے لیے نیتی آیوگ کو بھیج دیا گیا ہے۔ جلد ہی اِسے مرکزی کابینہ کی منظوری بھی مل جائے گی۔ جناب پرتاراؤ جادھو نے بتایا کہ ملکاپور-سلوڑ-چھترپتی سنبھاجی نگر ریلوے راستے کی بھی تجویز ہے اِس کے لیے بھی وہ اقدام کریں گے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

لاتور ضلعے کے جڑ کوٹ تعلقے سے گزرنے والی تیرو ندی پر تعمیر کیے گئے 7 / پُشتوں کا افتتاح کل نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کے ہاتھوں

کیا گیا۔تیرو ندی میں بیل ساؤنگی ، بورگاؤں ، تیروکا ، سُلاڑی اور گوہان کے مقام پر ایک ایک پُشتہ اور ڈونگرگاؤں میں 2/ پُشتوے تعمیر کیے گئے ہیں ۔ اِس کے سبب تقریباً 496/ ہیکٹر زرعی رقبے کی آبپاشی ممکن ہوگی ۔

اِسی طرح جڑکوٹ میں تعمیر کی گئی انتظامی عمارت ، تعمیرات عامہ کا ذیلی دفتر اور سرکاری آرام گاہ کا افتتاح بھی کل جناب اجیت پوار کے ہاتھوں کیا گیا۔

***** ***** *****

کانپور میں کھیلی گئی بھارت - بانگلہ دیش ٹیسٹ کرکٹ سیریز بھارت نے جیت لی ہے ۔سیریز کے دوسرے مقابلے میں بھارت نے بانگلہ دیش کو 7/ وکٹوں سے شکست دے کر مقابلہ اپنے نام کرلیا۔کل اِس میچ کے آخری دن جب مقابلہ شروع ہوا تو بھارت کو جیتنے کے لیے 95/رنوں کی ضرورت تھی ۔ بھارتی ٹیم نے 18/ ویں اوور میں 3/ کھلاڑیوں کے نقصان پر 98/ رن بنا کر مقابلہ جیت لیا۔ اِس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے یہ سیریز 2 - 0 / سے جیت لی ہے ۔

یشسوی جیسوال کو مقابلے کا بہترین کھلاڑی اور روی چندرن اَشوِن کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا ۔ اِس سیریز میں رویندر جڈیجہ نے ٹیسٹ کرکٹ میں اپنے 3/ ہزار رن اور 300/ وکٹ مکمل کیے۔صرف 74/ ٹیسٹ کرکٹ مقابلوں میں یہ ریکارڈ بنانے والے وہ دوسرے کھلاڑی ہیں ۔ اِس سے پہلے انگلینڈ کے اِیان بوتھم یہ ریکارڈ بنا چکے ہیں ۔

***** ***** *****

جالنہ میں کل ضلع رابطہ اور کنٹرول کمیٹی دِشا کے سربراہ نیز رکن پارلیمان ڈاکٹر کلیان کاڑے کی موجودگی میں جائزہ میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا ۔ اِس موقعے پر انھوں نے مختلف منصوبوں کے تحت منظور شدہ مفادِ عامہ کے ترقیاتی کاموں کا مسلسل جائزہ لینے اور ایسے سبھی کام بغیر کسی دباؤ کے جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

***** ***** *****

گزشتہ یکم سے تین ستمبر کے دوران ناندیڑ کے 62/ حلقوں میں ہوئی موسلا دھار بارش کی وجہ سے 5/ لاکھ 96/ ہزار 517/ ہیکٹر رقبے پر کھڑی فصلوں کا نقصان ہوا ہے ۔ ناندیڑ ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت نے یہ بات بتائی ۔ انھوں نے بتایا کہ ان نقصانات کی تفصیل حکومت کو اِرسال کر دی گئی ہے اور کسانوں کی معاونت کے لیے 892/ کروڑ روپئے فنڈ کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ سے متصل واڈی گرام پنچایت کی سرپنچ پوجا ہن ونتے اور گرام پنچایت کی رکن شیتل پاوڈے نے مقررہ مدت میں ذات صداقت نامے پیش نہ کرنے کی پاداش میں اُنھیں اگلی میعاد کے لیے نااہل قرار دیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر ابھیجیت راوَت نے یہ حکم جاری کیا ہے۔ خیال رہے کہ جنوری 2021ء میں ریزرویشن پر منتخب ہونے والے اراکین کو ذات صداقت نامے پیش کرنے کے لیے دی گئی مدت 9/جولائی کو ختم ہوچکی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز آفس کے ہیڈکلرک دیانند چوہان کو کل 25/ہزار روپئے رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا گیا۔ کڑمب کی زرعی پیداوار بازار کمیٹی میں محافظ تعینات کرنے کی اجازت حاصل کی تجویز منظور کرنے کے لیے اُس نے یہ رشوت مانگی تھی۔

***** ***** *****

اِس موسم باراں کے دوران ریاست میں تقریباً 258/ملی میٹر سے زیادہ بارش ہوئی ہے۔محکمہ موسمیات نے پیشن گوئی کی ہے کہ آئندہ 24/گھنٹوں کے دوران کوکن ، وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑے میں بجلی کی گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

***** ***** *****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ گاندھی جینتی کی مناسبت سے آج ملک بھر میں متعدد پروگراموں کا اہتمام

☆ وزیراعظم کے ہاتھوں 9 ؍ ہزار 600 ؍ کروڑ روپئے کے اخراجات پر مشتمل مختلف صفائی منصوبوں کا آغاز

☆ سیلاب متاثرین کی معاونت کے لیے مرکزی حکومت نے مہاراشٹر کو دیا ایک ہزار 492 ؍ کروڑ روپئے کا فنڈ

☆ لاڈلی بہن اسکیم کے سبب معیشت کو فروغ ملے گا ‘ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے

اور

☆ کانپور ٹیسٹ کرکٹ سیریز بھارت نے جیتی

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆